# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور

مراسلہ نمبر 86-رجسٹریشن

مورخہ 02.08.2024

## ﴿نوٹیفکیشن﴾

## (برائے پرائیویٹ امیدواران)

**عنوان:- آن لائن پری رجسٹریشن شیڈول برائے پرائیویٹ امیدواران انٹرمیڈیٹ پارٹ I (پارٹ I-II کمپوزٹ) علوم شرقیہ (پہلا سالانہ) امتحان 2025**

تمام پرائیویٹ امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ لاہور بورڈ کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ پارٹ I، (پارٹ I-II کمپوزٹ) اور علوم شرقیہ پہلا سالانہ امتحان 2025 میں شرکت کرنے کے خواہشمند امیدواران کے لیے آن لائن پری رجسٹریشن کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس **مبلغ -/1000 روپے** اور پروسیسنگ **فیس مبلغ -/530 روپے** فی امیدوار مقرر کی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| شیڈول | **پرائیویٹ امیدواران بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود آن لائن رجسٹریشن فارم مکمل کرنے کے بعد ہارڈ کاپی حاصل کر کے بینک میں مقررہ فیس درج ذیل تواریخ تک جمع کرواسکتے ہیں۔ فیس جمع کروانے کے بعد امیدوار (Candidate Copy) اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ مزید راہنمائی کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ پر دی گئی تفصیلی ہدایات ملاحظہ فرمائیں۔** |
| **فیس مبلغ -/1530 روپے کے ساتھ رجسٹریشن کروانے کی تواریخ** | **مورخہ 15- اگست 2024**<br>**تا**<br>**انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2025 کے داخلہ فارموں کی وصولی کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا فیس (Triple Fee) کی آخری تاریخ تک جاری رہے گی۔** |

## ﴿ہدایات﴾

درج بالا شیڈول کے بعد کسی پرائیویٹ امیدوار کو رجسٹریشن کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن فیس درج بالا شیڈول کے اندر HBL بینک میں جمع کروانا لازمی ہے۔ نیز بینک کی طرف سے فیس وصولی کے بعد واپس کی گئی Candidates Copy اپنے پاس محفوظ رکھیں جو امیدواران اس سے قبل رجسٹریشن کروا چکے ہوں یا امتحان میں شرکت کر چکے ہوں تو دوبارہ رجسٹریشن کروانے کی ضرورت نہ ہے امید وار اپنے کوائف کا اندراج بمطابق میٹرک رزلٹ کارڈ / سرٹیفکیٹ کرے۔ مزید رہنمائی کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ (www.biselahore.com) پر رجوع کر سکتے ہیں۔ دیگر بورڈز سے میٹرک پاس یا انٹرمیڈیٹ پارٹ I &II میں زیر تعلیم پرائیویٹ امیدواران درج بالا شیڈول کے مطابق رجسٹریشن کرواسکتے ہیں امتحانی اہلیت سے متعلقہ دستاویزات داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔ واضح رہے بعد ازاں امتحانی داخلہ فارم شیڈول کے مطابق علیحدہ جمع کروانا ہوگا۔

(ڈاکٹر بشریٰ بی بی)
سیکرٹری